حیسکو پریس ریلیز مورخہ :21.12.2021

# وزارت انرجی حکومت پاکستان اور قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی کی ہدایات پر چیف ایگزیکٹو آفیسر حیسکو نور احمد سومرو نے حیسکو ریجن میں کھلی کچہریوں کا انعقاد کیا گیا ہے، آج آپریشن ڈویژنوں لطیف آباد اور عمر کوٹ میں حیسکو صارفین نے کھلی کچہری میں 458 شکایات درج کرائیں جس میں سے موقع پر 370 شکایات حل کی گئیں باقی 88 شکایات کو جلد حل کرنے کیلئے ہدایات ایم اینڈ ٹی کی ٹیموں کی جاری کر دی ہیں، عوام/حیسکو صارفین نے اس اقدام پر حیسکو چیف کا شکریہ ادا کیا اور تجویز دی ہے کہ اس عمل کو جاری رکھیں۔ حیسکو ترجمان

حیدرآباد (   ) حیسکو ترجمان کے مطابق وزارت انرجی حکومت پاکستان اور قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی کی ہدایات پر چیف ایگزیکٹو آفیسر حیسکو نور احمد سومرو نے حیسکو صارفین/عوام کے بجلی سے متعلق مسائل اور شکایات کو سننے کے بعد فوری طور پر حل کرنے کیلئے پورے حیسکو ریجن میں کھلی کچہریوں کو انعقاد کیا ہے، جس میں صارفین نے صبح 10:00 بجے سے سہ پہر 03:00 بجے تک (06 گھنٹے) مسلسل حیسکو کے کھلی کچہری کی جگہ جا کر اپنی شکایات اور درپیش مسائل درج کرائیں، ٹوٹل 458 شکایات سنیں گئیں اور اس میں سے 370 شکایات موقع پر فوری حل کر دی گئیں، باقی 88 شکایات کو جلد از جلد حل کرنے کیلئے حیسکو کی M&T کی ٹیموں کو ہدایات جاری کر دی گئی ہیں۔
تفصیلات کے مطابق حیسکو چیف کے واضح احکامات ہیں کہ سب سے پہلے عوام کے عزم کے تحت حیسکو ریجن کے تمام علاقوں میں بجلی صارفین کی شکایات سننے کیلئے لطیف آباد اور عمر کوٹ ڈویژنوں میں کھلی کچہریوں کی گئی ہیں، کھلی کچہریوں میں مجموعی طور پر 458 شکایات موصول ہوئی ہیں جس میں سے 370 شکایات کو موقع پر حل کر دیا گیا ہے، باقی 88 شکایات کو جلد حل کرنے کیلئے M&T کی ٹیموں کو ہدایات دی گئی ہیں، کھلی کچہریوں میں صارفین نے مجموعی طور پر صارفین نے 37 لاکھ 35 ہزار روپے صارفین نے جمع کراوائے ہیں، واضح رہے کہ وزارت انرجی حکومت پاکستان اور قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی کی ہدایات پر حیسکو ریجن میں کھلی کچہریوں کا انعقاد کیا گیا ہے، قاسم آباد، لطیف آباد، اور عمر کوٹ میں کھلی کچہریاں لگائی گئی ہیں اور یہ سلسلہ پوری حیسکو ریجن میں جاری رہے گا، تاکہ بجلی صارفین کی شکایات کا فوری ازالہ کیا جا سکے، کسٹومر کیئر پالیسی کے تحت ہم حیسکو ریجن کے تمام آپریشن ڈویژن میں کھلی کچہریوں انعقاد کر کے عوام کے مسائل سننے کے ساتھ ان کو فوری حل بھی کریں گے۔ حیسکو چیف ایگزیکٹو آفیسر نور احمد نے صارفین سے اپیل کی ہے کہ عوام بجلی چوری کرنے والوں کے خلاف حیسکو کا ساتھ دیں تا کہ اس برائی کو مکمل ختم کیا جا سکے، بجلی کے بل بروقت ادا کریں، تا کہ حیسکو آپ کو مزید بجلی کی بہتر سروس فراہم کر سکے، کیونکہ حیسکو ایک کمرشل ادارہ ہے، جو بجلی کی بلوں کی ادائیگی کے بغیر اپنا نظام نہیں چلا سکتا۔ کھلی کچہری میں حیسکو چیف کے ہمراہ چیف آپریٹنگ آفیسر عبدالرحیم سومرو، S.E حیدرآباد سرکل نثار احمد میمن اور سرکل میر پور خاص امیر علی میمن، انچارج شعبہ تعلقات عامہ محمد صادق کُبر، ایگزیکٹو انجنیئر لطیف آباد غلام فاروق تینیو، ایگزیکٹو انجنیئر عمر کوٹ فضل الرحمان میمن، ڈی سی ایم کنور سلطان سکندر، تمام ڈپٹی ڈائریکٹر ٹیکنیکل، سب ڈویژنل آفیسرز بھی موجود تھے۔

مورخہ: 21.12.2021











حیدرآباد: لطیف آباد اور عمرکوٹ میں کھلی کچہریاں، حیسکو چیف نور احمد سومرو لطیف آباد کے صارفین کی کھلی کچہری میں شکایات سن رہے ہیں۔